ٹائمز سنڈے میگزین کے انچارج جناب جیفری گولڈ برگ 'دی نیوز' اخبار کے نمائندے راجہ ذوالفقار کے ہمراہ دارالعلوم تشریف لائے۔ آپ نے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے ڈھائی گھنٹے کا تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے عالم اسلام کے تمام اہم مسائل پر تفصیلی سیر حاصل گفتگو فرمائی۔ اور فرمایا کہ امریکہ کو عالم اسلام اور خصوصاً پاکستان اور افغانستان سے دشمنی مہنگی پڑے گی۔ مولانا مدظلہ نے ان پر زور دیا کہ آپ امریکہ میں اسلام دینی مدارس اور تحریک طالبان کے بارے میں حقائق پر مبنی تجزیے امریکی عوام کے سامنے پیش کریں۔ مسٹر گولڈ برگ نے افغانستان کا دورہ بھی کیا اور آپ نے قندہار اور افغانستان میں حقانیہ کا کردار اور انکے فضلاً کی بے مثال خدمات پر مولانا مدظلہ کو مبارکباد پیش کی۔ مسٹر گولڈ برگ دارالعلوم حقانیہ اور مولانا مدظلہ سے اس قدر متاثر ہوئے کہ انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ ایک مہینے کے بعد وہ دس بارہ دنوں کیلئے دارالعلوم میں قیام کرنا چاہتے ہیں۔ تاکہ وہ اسلام کو صحیح سمجھ سکیں۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ دینی مدارس تحریک طالبان اور مسلمانوں کے بارے میں میرے بڑے عجیب قسم کے خیالات تھے لیکن یہاں آکر میرے بہت سے اشکالات دور ہوگئے۔ مولانا مدظلہ اور دارالعلوم کے اساتذہ نے انکی اسلام دوستی کا خیر مقدم کیا۔

<u>لبنانی ٹیلی ویژن کے عملے اور صحافیوں کی دارالعلوم آمد</u> ۲ اپریل کو لبنان اور عالم عرب کے مشہور ٹیلی ویژن "مستقبل" کے ڈائریکٹر اور پروڈیوسر اپنے چار ساتھیوں سمیت تشریف لائے۔ انہوں نے مولانا مدظلہ، حضرت مولانا سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ اور حضرت مولانا قاضی عبداللطیف صاحب مدظلہ سے انٹرویوز ریکارڈ کئے۔ بعد میں آپ نے دارالعلوم کا تفصیلی معائنہ کیا اور دارالعلوم پر مکمل ڈاکومنٹری پروگرام ریکارڈ کیا اور دورہ حدیث کے متعدد طلبا سے عربی زبان میں تفصیلی انٹرویوز ریکارڈ کئے۔ اس پروگرام کے ذریعے عالم عرب میں طالبان اور دینی مدارس کے بارے میں جو غلط پروپیگنڈہ مغربی میڈیا نے پھیلایا ہے کو غلط ثابت کرنے میں مدد ملے گی۔

<u>انڈیپنڈنٹ کے نمائندے رابرٹ فسک کی دارالعلوم آمد</u> گزشتہ دنوں معروف نیوز ادارے The Independent مڈل ایسٹ کے اہم نمائندے دوسرے مغربی صحافیوں کے ہمراہ دارالعلوم دیکھنے

بقیہ ص ۰۷